● احسن الفوائد شرح الفقہ الاکبر...... مؤلف: مولانا سید شاہ حسنؒ

ضخامت: ۲۴۰ صفحات ناشر: مکتبہ شمس العلوم ژوب بلوچستان 0332-0212276:

عقائد اور علم الکلام کے باب میں امام اعظم ابو حنیفہؒ کی طرف منسوب کتاب الفقہ الاکبر بڑی اہمیت و حیثیت کی حامل ہے جو عقائد اور کلام کے موضوع پر ایک قوی مرجع سمجھے جاتے ہیں۔ جس میں امام اعظم ابو حنیفہؒ نے عقائد کے اساسیات سے نہایت ہی مختصر الفاظ میں سیر حاصل بحث کی ہے گویا دریا کو کوزہ میں بند کر دیا ہے اس کتاب کی بہت سے شروحات مختلف زبانوں میں مختلف زمانوں میں مختلف علماء کرام نے لکھی ہے اور بعض نے اسکو وقیع حواشی سے مزین کیا ہے ان شروحات میں شہرۂ آفاق شرح امام ملا علی القاریؒ کی ہے جو ''شرح فقہ الاکبر'' کے نام سے متداول ہے۔ اس کتاب کی اہمیت کے پیش نظر اب بھی علماء و محققین حضرات اپنے اپنے انداز فکر کے مطابق اس پر شروحات و تعلیقات لکھتے ہیں۔ حضرت مولانا سید شاہ حسن صاحبؒ ژوب بلوچستان کے ایک علمی گھرانے سے تعلق رکھتے ہیں فخر المحدثین شیخ الحدیث فخر الدین مراد آبادیؒ کے تلمیذ رشید، معقولات کے ماہر استاد، کئی مغلق کتابوں پر انکے حواشی ثبت ہے۔ زیر تبصرہ کتاب "احسن الفوائد شرح الفقہ الاکبر" ان کی کاوش ہے فصیح عربی میں بڑی جانفشانی اور عرق ریزی سے اپنی استعداد اور صلاحیت اور تحقیق کے مطابق ہر عقیدہ پر مفصل بحث کر کے متن کو حل کیا ہے شرح کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ طالب علم جس کو سمجھ کر دوران درس پائی جانے والی تشنگی کو بجھا سکے۔

اس نقطہ نظر کو ملحوظ رکھتے ہوئے مولانا شاہ حسن صاحبؒ نے عالمانہ اسلوب میں قرآن و حدیث اور اجماع کی روشنی میں اس کتاب کے متن کو واضح کیا ہے اور کسی اسلامی علمی کتاب کے مفید ہونے کیلئے یہ کافی ہے کہ اس میں قرآن و سنت کے جواہرات سے استدلال پایا جاتا ہو اس پر مستزاد یہ کہ مولانا سید شاہ حسنؒ کے فرزند ارجمند مولانا قاسم شاہ نے وقیع تعلیقات سے اس کتاب کو مزین کیا ہے جس سے کتاب کے حسن میں مزید رعنائی آئی۔ نور علی نور کا مصداق ہے ارباب علم و فضل مدرسین علم کلام کے لئے تحقیق تدقیق کے لئے ایک قیمتی سوغات ہے کتاب کی اہمیت کے حوالہ سے فخر المحدثین مولانا حسن جان شہیدؒ رقمطراز ہے۔ وانی اتمنی أن اقرأ هذا الكتاب حرفاً حرفاً واستفيد منه كلمةً ولفظاً لفظاً وان يجعل فى المنهج السائد عندنا فى المدارس الاسلامية وخاصاً ما يكون منها تحت